سرخیاں

۱۔وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ سال میں دومرتبہ دسویں اور 12 ویں جماعت کے بورڈ امتحان میں شرکت لازمی نہیں ہوگی۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی کل سکندرآباد ریلوے اسٹیشن پر چار توسیعی ٹرینوں کا افتتاح کریں گے۔

۳۔وزیر داخلہ محمود علی نے گاندھی ہاسپٹل حیدرآباد میں جدید فرٹی لیٹی سنٹر کا افتتاح کیا۔

۴۔تلنگانہ کے محکمہ آبکاری نے پچھلے پانچ دنوں کے دوران 14 ہزار لیٹر سے زیادہ کی غیر قانونی شراب ضبط کی ہے اور آنے والے اسمبلی چناؤ کے مدنظر بین ریاستی سرحدوں پر نگرانی تیز کردی ہے۔

☆☆☆

سابق وزیر اور سابق سی ایل پی لیڈر کنڈوروجانا ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس نے ریاست میں پچھلے ساٹھ برسوں میں 75 ہزار کروڑ روپے قرض لئے ہیں اور بی آر ایس پارٹی نے پچھلے 9 برسوں میں پانچ لاکھ ساٹھ ہزار کروڑ روپے کا قرض لیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سنہرے تلنگانہ کو قرض کے بوجھ تلے تلنگانہ میں تبدیل کردیا گیا ہے۔وہ نلگنڈہ ضلع کے ہالیا میں میڈیا سے بات چیت کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وہ عوام کو حساس بنانے کے لئے اپنے جانشینوں کو تیار کررہے ہیں۔انہوں نے یہ بات صاف کی کہ وہ آنے والے پارلیمانی چناؤ میں حصہ لیں گے۔جانا ریڈی نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے ہی مفت بجلی شروع کی تھی اور آئندہ بھی ایسا کرتی رہے گی۔

☆☆☆

جنگاؤں کے رکن اسمبلی متی ریڈی یادگیری ریڈی نے ٹی ایس آرٹی سی کے صدرنشین کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھال لی ہے۔انہوں نے حیدرآباد کے بس بھون میں اپنی ذمہ داری سنبھالی۔تلنگانہ ریاست بننے کے بعد وہ آرٹی سی کے تیسرے صدرنشین بن گئے ہیں۔آر ٹی سی کے ایم ڈی وی سی سجنار اور دوسرے اس موقع پر موجود تھے۔

☆☆☆

وزیر داخلہ محمود علی نے آج حیدرآباد کے گاندھی ہاسپٹل میں عصری فرٹی لیٹی سنٹر کا افتتاح کیا۔وزیر داخلہ نے کہا کہ اس سہولت کے ذریعہ مفت آئی وی ایف سے بچے پیدا کئے جاسکتے ہیں۔محمود علی نے کہا کہ جدید آئی وی ایف علاج پانچ کروڑ روپے میں دستیاب ہے اور خانگی ہاسپٹلس جس علاج کے لئے لاکھوں روپے لیتے ہیں وہ گاندھی ہاسپٹل میں مفت فراہم ہوگا۔ہاسپٹل کے سپرنٹنڈنٹ راجا راؤ نے کہا کہ آئی وی ایف کے علاج کے دوران لیباریٹری میں مادہ منونیا کی افزائش کی جاتی ہے اور اسے عورت کے کوک میں ڈالا جاتا ہے۔ وزیر صحت ہریش راؤ نے ایک ٹوئٹ میں کہا کہ تلنگانہ حکومت نے گاندھی ہاسپٹل میں پہلا سرکاری آئی وی ایف سنٹر شروع کیا ہے۔ انہوں نے عوام کو انتہائی مہنگے آئی وی ایف علاج تک مفت رسائی دینے کے لئے کے سی آر کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆

ریجنل پاسپورٹ آفس حیدرآباد میں کل زیرالتواء معاملات کو کلیئر کرنے کی مہم کے تحت چار ہزار 25 پاسپورٹس درخواستوں سے نمٹا ہے۔PSKs and POPSKs کے ہفتہ کو کام کرنے کی وجہ سے اضافی درخواستوں سے نمٹا جارہا ہے۔اس مہم کے تحت آرپی او کے 25 آفیسرس اور آرپی او حیدرآباد میں چار ہزار 25 فائلیں کلیئر کی ہیں۔آرپی او حیدرآباد داسری بالیا نے بتایا کہ دو تین دنوں میں

پاسپورٹ روانہ کئے جائیں گے۔ درخواست گزاروں کومشورہ دیا گیا ہے کہ وہ پاسپورٹ سیوا پورٹل پر اپنی درخواست کے موقف کی جانچ کریں اور پاسپورٹ ملنے تک انتظار کریں۔

☆☆☆

تلنگانہ محکمہ آبکاری نے پچھلے پانچ دنوں میں 14 ہزار لیٹر غیر قانونی شراب ضبط کی ہے۔آنے والے اسمبلی چناؤ کے مدنظر بین ریاستی سرحدوں پر جانچ سخت کر دی گئی ہے۔الیکشن کمیشن آف انڈیا کے حیدرآباد میں پانچ اکتوبر کو چناؤ کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے ہونے والے اجلاس کے بعد محکمہ آبکاری نے 14 ہزار 227 لیٹر غیر قانونی شراب 1,710 کلوگڑ 94.8 لیٹر شراب 170 کلو گانجہ اور 21 گاڑیاں ضبط کی ہیں۔آبکاری عہدیداروں نے 6 اکتوبر کو نظام آباد میں ایک ٹو وہیلر، ایک بولیرو گاڑی اور 157.39 کلو گانجہ ضبط کیا اور دو لوگوں کو گرفتار کیا۔محکمہ آبکاری کی انفورسمنٹ شاخ شراب کی غیر قانونی فروخت، منتقلی اور ذخیرے کے خلاف خصوصی قدم اٹھا رہی ہے۔اس کے تحت انفورسمنٹ شاخ نے 29 ہزار 663 مشتبہ لوگوں کا پتہ لگایا ہے۔عہدیداروں نے بتایا کہ وہ 8 ہزار 362 ہسٹری شیٹرس پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔عہدیدار بین ریاستی سرحدوں پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ضرورت پڑنے پر شراب کے غیر قانونی بہاؤ کو روکنے کے لئے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کئے جائیں گے۔خصوصی مہم کے تحت محکمہ آبکاری نے 24 گھنٹے جانچ کے لئے بین ریاستی سرحدوں پر 21 چیک پوسٹس قائم کئے ہیں۔آندھرا پردیش سرحد پر آٹھ چیک پوسٹس قائم کئے گئے ہیں۔تلنگانہ، مہاراشٹرا سرحد پر بھی اتنے ہی چیک پوسٹس بنائے گئے ہیں۔عہدیداروں نے بتایا کہ وہ کرناٹک میں چار چیک پوسٹس کے ذریعہ رات دن نظر رکھ رہے ہیں۔تلنگانہ۔چھتیس گڑھ سرحد پر ایک چیک پوسٹ قائم کی گئی ہے۔بین ریاستی چیک پوسٹ پر نصب سی سی ٹی وی کیمرے اثر دار نگاری کے لئے ریاستی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے جڑے ہوئے ہیں۔

☆☆☆

تلگودیشم پارٹی کے صدر چندرا بابو نائیڈو کے لئے کل اہم دن ہے کیونکہ سپریم کورٹ، ہائی کورٹ اور وجئے واڑہ اے سی بی عدالت ان کی درخواستوں پر سنوائی کریں گی اور فیصلے سنائیں گی۔ہائی کورٹ نے ان کی درخواست کا داخل پیشگی ضمانت سے ہے جو انگلو اور انر رنگ روڈ کی تبدیلی کے کیس کے بارے میں ہے۔اس کے علاوہ اے پی فائبر گریڈ کیس کے بارے میں بھی فیصلہ سنایا جائے گا۔سپریم کورٹ اسکل ڈیولپمنٹ کیس میں چندرا بابو نائیڈو کی خصوصی لیو پٹیشن پر سنوائی کرے گی۔وجئے واڑہ اے سی بی عدالت اسکل ڈیولپمنٹ کیس کے سلسلہ میں ضمانت اور حراست کے بارے میں فیصلہ سنائے گی۔ان درخواستوں پر دلیلیں مکمل ہو چکی ہیں۔

☆☆☆

کانگریس اسکریننگ کمیٹی کا ایک اجلاس آج نئی دہلی میں ہوا جس میں تلنگانہ کے اسمبلی چناؤ کے لئے امیدواروں کی قطعی فہرست پر بات چیت کی گئی۔امکان ہے کہ پارٹی اس مہینہ کی پندرہ تاریخ کو اپنی پہلی فہرست جاری کرے گی۔اس دوران بعض ٹکٹ کے خواہشمندوں نے کانگریس وار روم میں احتجاج کیا جہاں میٹنگ ہو رہی تھی۔انہوں نے تلنگانہ تحریک میں حصہ لینے والوں کو ٹکٹ دینے کا مطالبہ کیا۔عثمانیہ یونیورسٹی کے بعض طلبہ نے بھی ٹکٹوں کے الاٹمنٹ کے لئے دھرنا دیا۔دوسری طرف ریاستی بی جے پی بھی اپنے امیدواروں کو قطعیت دینے میں مصروف ہے۔امکان ہے کہ پارٹی اس مہینہ کی پندرہ یا سولہ تاریخ کو اپنی پہلی فہرست جاری کرے گی۔ذرائع نے یہ بات بتائی۔

☆☆☆

وزیر بلدیہ تارک راما راؤ نے ٹوئٹ کیا کہ چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کے ایک سوسال کے ویژن کے ساتھ شہر حیدرآباد کو ترقی دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ روڈ سسٹم، میٹرو ریل، انفرا اسٹرکچر سہولتوں، نئی صنعتی پالیسیوں، ہریتا ہارم اور نئی ایجادات کے لئے مثبت ماحول کے ساتھ شہر کو ترقی دی گئی ہے۔انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت آنے والے دنوں میں مزید ترقیاتی کام کرے گی۔

☆☆☆

دیہی ترقی اور پنچایت راج کے وزیر ایرابلی دیا کر راؤ نے کہا ہے کہ حکومت ریاست میں سو فیصد سبسیڈی پر 27.47 لاکھ زرعی موٹرس کو چوبیس گھنٹے مفت بجلی فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے جنگاؤں ضلع کے پالا کرتی منڈل کے ایلا رائے پڈو ہرور میں پالاکرتی رورل 33/11 کلو واڈ کے سب اسٹیشن کا افتتاح کیا۔انہوں نے کہا کہ مفت بجلی اسکیم کے تحت تقریباً چھ لاکھ ایس سی اور تین لاکھ 26 ہزار ایس ٹی صارفین کو ہر مہینہ 11 یونٹ تک مفت بجلی فراہم کی گئی۔

☆☆☆

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ طلبہ کے لئے سال میں دو مرتبہ دسویں اور 12 ویں جماعت کے امتحانات میں شرکت لازمی نہیں ہوگی اور صرف ایک موقع کے خوف سے پیدا ذہنی تناؤ کو کم کرنے کے لئے یہ طریقہ شروع کیا جارہا ہے۔ پردھان نے ایک انٹرویو میں کہا کہ ڈمی اسکولس کے مسئلہ کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا اور اب وقت آ گیا ہے کہ اس تعلق سے سنجیدہ بات چیت کی جائے۔طلبہ ایک سال میں دو بار دسویں اور 12 ویں جماعت کے امتحانات میں شرکت کرسکتے ہیں۔جیسا کہ جے ای ای انٹرنس امتحان میں ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ طلبہ بہترین اسکور کا انتخاب کرسکتے ہیں لیکن یہ اختیاری ہوگا، لازمی نہیں۔

☆☆☆

وزارت ریلوے نے مرکزی وزیر سیاحت و کلچر کشن ریڈی کی درخواست پر مزید چار ٹرینوں میں توسیع کو منظوری دی ہے۔کشن ریڈی کل کرنول۔ جئے پور، بودھن۔کریم نگر، رائچور۔ نانڈیڑ اور قاضی پیٹ سے ہڈپسار ٹرین کو جھنڈی دکھائیں گے اور افتتاح کریں گے۔کل سے جئے پور ہفتہ وار اکسپریس جو جئے پور سے کاچی گوڑہ تک چلتی ہے جو کرنول شہر تک توسیع دی جائے گی۔